Pfizer-BioNTech COVID-19 کی ویکسین لگوا لینے کے بعد آپ کے لیے ضروری معلومات

NYC VACCINE FOR ALL:
SAFE, FREE, EASY

nyc.gov/covidvaccine

Urdu

اس سے پہلے کہ آپ ویکسین لگوا کر ویکسین کی سائٹ سے واپس جائیں:

- اگر یہ آپ کا پہلا شاٹ ہے تو اپنا دوسرا شاٹ لگوانے کے لیے اپوائنٹمنٹ لیں۔ آپ کو اپنا دوسرا شاٹ اسی جگہ سے لگوانا چاہیے جہاں سے آپ نے اپنا پہلا شاٹ لگوایا تھا۔ آپ کو اپنی دوسری خوراک کی اپوائنٹمنٹ پہلا شاٹ لگوانے کے بعد 21 سے 42 دن بعد کے لیے لینی چاہیے۔
- یقینی بنائیں کہ آپ ویکسین کا کارڈ موصول کرتے ہیں۔ اس پر لکھا ہو گا کہ آپ کو کون سی ویکسین لگی ہے اور کس تاریخ کو لگی ہے۔ یہ کارڈ اپنی دوسری خوراک کی اپوائنٹمنٹ پر اپنے ساتھ لائیں اور چیک کریں کہ آیا اس میں دونوں خوراکوں کا اندراج کر دیا گیا ہے۔

ویکسین کے ضمنی اثرات کیا ہیں؟

عام ضمنی اثرات میں اس بازو میں سوزش یا سوجن جس پر ٹیکہ لگا تھا، سر درد، جسم میں درد، تھکاوٹ اور بخار شامل ہیں۔ ضمنی اثرات دوسرے شاٹ کے بعد زیادہ عام ہیں اور ضعیف افراد میں کم عام ہیں۔ ضمنی اثرت عام طور پر:

- ہلکے سے لے کر معتدل ہوتے ہیں
- ویکسین لگوانے کے بعد پہلے تین دن کے اندر شروع ہوتے ہیں (ویکسین لگوانے کے اگلے دن سب سے عام ہیں)
- یہ شروع ہونے کے بعد تقریبا دو سے تین دن رہتے ہیں

اگر مجھے ضمنی اثرات درپیش ہوں تو مجھے کیا کرنا چاہیے؟

اگر آپ کو ایسے ضمنی اثرات کا سامنا ہے جن کے حوالے سے آپ فکرمند ہیں یا یہ کچھ دن گزرنے کے بعد ختم نہیں ہوئے، یا اگر آپ کے اس بازو میں سرخی یا سوزش 24 گھنٹوں کے بعد بڑھ گئی ہے جس پر ٹیکہ لگا تھا تو اپنے نگہداشت صحت فراہم کنندہ کو کال کریں۔ اپنے فراہم کنندہ سے بغیر نسخے کے ملنے والی ادویات استعمال کرنے کے حوالے سے پوچھیں، جیسے ایسیٹامینوفن (Tylenol) یا آئبپروفن (Advil)۔

جب تک کہ آپ کا فراہم کنندہ آپ کو ایسا نہ کرنے کو کہے، دوسرا ٹیکہ لگوائیں چاہے آپ کو پہلے ٹیکے کے بعد ضمنی اثرات کا سامنا ہوا ہو۔

ضمنی اثرات کی اطلاع مراکز برائے بیماری پر کنٹرول اور روک تھام (Centers for Disease Control and Prevention, CDC) کی V-safe اسمارٹ فون ایپ کے ذریعے دیں۔ ایپ کے بارے میں مزید جاننے اور اسے ڈاؤن لوڈ کرنے کے لیے، **vsafe.cdc.gov** ملاحظہ کریں۔
آپ ضمنی اثرات کی اطلاع CDC اور فوڈ اینڈ ڈرگ ایڈمنسٹریشن کے تحت چلنے والے ویکسین ایڈورس ایونٹ رپورٹنگ سسٹم (Vaccine Adverse Event Reporting System, VAERS) پر بھی دے سکتے ہیں۔ اطلاعات **vaers.hhs.gov/reportevent.html** پر یا 800-822-7967 پر کال کر کے دی جا سکتی ہیں۔ آپ کی فراہم کردہ معلومات رازدارانہ رکھی جائیں گی۔

کیا ویکسین سے الرجک ردعمل ممکن ہے؟

الرجک ردعمل عام نہیں ہیں اور یہ شاٹ لگوانے کے بعد چند منٹ سے ایک گھنٹے میں شروع ہو جاتے ہیں۔ شدید الرجک رد عمل کی علامتوں میں سانس لینے میں دشواری، آپ کے چہرے اور گلے پر سوجن، دل کی تیز دھڑکن، سارے جسم پر سرخ دھبے بن جانا، چکر آنا اور کمزوری شامل ہیں۔ اگر آپ کو لگے کہ آپ کو شدید الرجک ردعمل کا سامنا کرنا پڑتا ہے تو **911** پر کال کریں یا قریبی اسپتال میں جائیں۔

کیا میری دوسری خوراک میں وہی ویکسین ہونا ضروری ہے جو میں نے پہلی خوراک میں لی تھی؟

جی ہاں۔ چونکہ آپ نے Pfizer ویکسین لگوائی تھی اس لیے آپ کی دوسری خوراک بھی Pfizer ویکسین کی ہی ہونی چاہیے

اگر میں اپنی دوسری خوراک کی اپوائنٹمنٹ پر نہیں جا پاتا تو اس صورت میں کیا ہو گا؟

جتنی جلدی ممکن ہو، آپ کو اپنی اپوائنٹمنٹ دوبارہ لے لینی چاہیے۔ پہلی خوراک کے بعد جتنا وقت بھی گزر چکا ہو، دوسری خوراک ہر حال میں لگوائیں۔

ویکسین کب کام کرنا شروع کر دیتی ہے؟

جبکہ آپ کو پہلی خوراک کے بعد کچھ تحفظ حاصل ہو گا، ویکسین دو خوراکوں کے بعد زیادہ موثر ہو گی۔ آپ کو ویکسین سے مکمل تحفظ دوسری خوراک لگوانے کے دو ہفتوں بعد ہی حاصل ہو گا۔

ویکسین لگوانے کے بعد کیا میں COVID-19 سے متعلق دیگر احتیاطی تدابیر اختیار کرنا چھوڑ سکتا ہوں؟

نہیں۔ ویکسین لگوانے کے بعد بھی آپ کو احتیاطی تدابیر پر عمل کرنا جاری رکھنا ہو گا۔

- اگر آپ بیمار ہیں تو گھر پر ہی رہیں۔
- دوسروں سے کم از کم 6 فٹ کے فاصلے پر رہیں۔
- چہرے پر نقاب پہنیں۔
- اپنے ہاتھ دھوئیں اور ہینڈ سینیٹائزر اکثر استعمال کریں۔

اگرچہ Pfizer ویکسین نے دکھایا ہے کہ یہ لوگوں کو COVID-19 سے محفوظ رکھتی ہے، ہمیں ابھی اس بارے میں مزید جاننے کی ضرورت ہے کہ تحفظ کتنا عرصہ تک جاری رہتا ہے اور یہ کہ کیا ویکسین منتقلی کو روکتی ہے۔



کیا مجھے ویکسین لگوانے یا نگہداشت صحت کے دورے کا بل ادا کرنا ہو گا؟

نہیں، آپ کے بیمے کو بل کیا جا سکتا ہے لیکن آپ سے ویکسین کے لیے ادائیگی میں اپنا حصہ ڈالنے کا نہیں کہا جائے گا اور نہ ہی کوئی دوسری فیس وصول کی جائے گی۔

کیا میری ذاتی معلومات محفوظ ہیں؟

آپ کی ذاتی معلومات رازدارانہ اور محفوظ رکھی جاتی ہیں۔ قانون کے تقاضے کے مطابق، آپ کے بارے میں بنیادی معلومات (جیسے آپ کا نام، پتہ، فون نمبر، تاریخ پیدائش، نسل اور قومیت، ویکسین لگوانے کی تاریخ اور ویکسین موصول کرنے کی تاریخ) کا نیو یارک سٹی محکمہ صحت و ذہنی حفظان صحت (NYC محکمہ صحت) کے ساتھ اشتراک کیا جائے گا۔

اگر میرے مزید سوالات ہوں تو مجھے کیا کرنا چاہیے؟

اپنے فراہم کنندہ کو یا **311** پر کال کریں۔

میں مزید معلومات کہاں سے حاصل کر سکتا ہوں؟

NYC محکمہ صحت:
nyc.gov/covidvaccine

نیویارک اسٹیٹ محکمہ صحت:
covid19vaccine.health.ny.gov

CDC:
cdc.gov/covidvaccine

NYC Health

صورتحال کے ارتقاء کو دیکھتے ہوئے NYC محکمہ صحت سفارشات تبدیل کر سکتا ہے۔ **3.8.21**